# کارپوریٹ ٹیلی گراف

Pakistan State Oil

## اندرونی صفحات

پی ایس او ایک ادارہ، ایک مثال

بہترین کارپوریٹ رپورٹ ایوارڈ پی ایس او کی پہلی پوزیشن

شیخ عمران الحق کے اعزاز میں عشائیہ

پاکستان تجھے سلام

انٹرڈیپارٹمنٹل کرکٹ ٹورنامنٹ

پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی کے 39ویں سالانہ اجلاس عام کا انعقاد

## پی ایس او ایک ادارہ، ایک مثال



شیخ عمران الحق نے ستمبر 2015 میں بطور ایم ڈی اور سی ای او پی ایس او اپنے عہدے کا چارج لینے کے بعد پی ایس او فیملی سے ایک خطاب کیا جس میں انھوں نے کمپنی کے کاروباری اور گورننس کے معاملات کے حوالے سے رہنما اصولوں پر روشنی ڈالی۔ جو مندرجہ ذیل ہیں:

- زیرو ٹالرینس کے ساتھ اخلاقی افعال (ایتھیکل آپریشنز)، سب کی جانب سے ایسے ہنگامی اقدامات کرنا جو ہمارے نظام اور طریقہ کار میں شفافیت کو یقینی بنائیں۔
- حفاظت ہمارے کاروباری منافع کی اولین ترجیح ہے، حفاظتی معیار کو بڑھانے کے لیے کوشیں کی جائیں، اپنے ملازمین کی صحت اور ماحول کو انڈسٹری میں سب سے بہترین معیار پر لانے کے وعدے کو تقویت دینا۔
- انفرادی طور پر ہر شخص کی عزت و تکریم یقینی بنائیں، ڈائیورسٹی (تنوع) کی صداقت اور کھلے ابلاغ کے ساتھ حوصلہ افزائی کی جائے: تمام کمیٹیاں اور فیصلہ ساز فورمز بشمول COED، ManCom کو بحال کر رہے ہیں۔ یہ اس بات کو یقینی بنائیں گی کہ تمام فیصلے میرٹ کی بنیاد پر کیے جا رہے ہیں اور یہاں نویں فلور پر جانے، ایم ڈی سے براہ راست ملاقات یا ان سے بہ ذریعہ ای میل اور ٹیکسٹ رابطہ کرنے، رائے دینے اور فیڈ بیک شیئر کرنے کی کوئی ممانعت نہیں ہے۔
- جمود کو چیلنج کرتے ہوئے انٹر پرینیور شپ کے کلچر سے سیکھیں تا کہ ادارے کے طریقہ کار اور مواقع کا جائزہ لیا جائے، اس کا نتیجہ ادارے کی کارکردگی میں بہتری کی صورت میں سامنے آئے گا۔

عمران نے کہا کہ پی ایس او ایک ادارہ اور ملک کے لیے آئیکون ہے اور اس سے ہر روز جُڑنے والی زندگی غیر معمولی ہے۔ انہوں نے ٹیم ورک کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ہم آج کے پاکستان میں توانائی کی ضروریات کو پورا کرنے اور آنے والے سالوں میں درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے تیار ہیں۔

## بہترین کارپوریٹ رپورٹ ایوارڈ

### پی ایس او کی پہلی پوزیشن



ملک کی سب سے بڑی انرجی کمپنی پاکستان اسٹیٹ آئل کی سالانہ کارپوریٹ رپورٹ کو CMAP اور ICAP کی جانب سے بہترین کارپوریٹ رپورٹ ایوارڈ تقریب میں تیل و گیس کے شعبے میں پہلی پوزیشن حاصل ہوئی۔ پی ایس او کے مینیجنگ ڈائریکٹر اور چیف آپریٹنگ آفیسر شیخ عمران الحق نے یہ ایوارڈ وصول کیا۔ ایوارڈ میں نامزد کی گئی کارپوریٹ رپورٹس کی جانچ شفافیت، پابندی وقت، درستگی اور تمام استعمال کنندہ کی تشہیر وغیرہ کی بنیاد پر کی گئی تھی۔

اس تقریب میں اُن کمپنیوں کو اعزاز سے نوازا گیا جنہوں نے رضا کارانہ طور پر اپنے اسٹیک ہولڈرز کو بروقت معلومات فراہم کیں اور گزشتہ چند سالوں میں پاکستان میں کارپوریٹ اور مالیاتی رپورٹنگ کا معیار بلند کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ یہ اعزاز نہ صرف مضبوط پی ایس او ٹیم کی کاوشوں بلکہ بہترین انتظامی پریکٹیسز کا نتیجہ ہے۔



# شیخ عمران الحق کے اعزاز میں عشائیہ



29اگست 2015 کو محترم یعقوب ستار کی جانب سے دیے جانے والے استقبالی عشائیے میں نئے مینیجنگ ڈائریکٹر اور چیف آپریٹنگ آفیسر شیخ عمران الحق نے پی ایس او کی سینیئر مینیجمنٹ سے ملاقات کی۔عشائیے کا انتظام پی ایس او ہاؤس کی چھت پر کیا گیا تھا جہاں عمران کو پی ایس او انتظامیہ کے سینئر افسران سے متعارف کرایا گیا۔تقریب میں افسران کی بیگمات بھی مدعو تھیں۔







# فیلڈ وزٹس

ایم ڈی پی ایس او کا لیوب مینوفیکچرنگ ٹرمنل کا دورہ





ایم ڈی کا ایل پی جی پلانٹ کا دورہ



# انٹرڈیپارٹمنٹل کرکٹ ٹورنامنٹ

ستمبر 2015 کو پی ایس او کلب کی جانب سے پی ایس او کا نواں انٹرڈیپارٹمنٹل ٹیپ بال کرکٹ ٹورنامنٹ منعقد کیا گیا۔ایم ڈی اور سی ای او شیخ عمران الحق نے افتتاحی تقریب اور فائنل میچ میں شرکت کی۔ یہ ٹورنامنٹ 4 ستمبر 2015 سے 6 ستمبر 2015 تک کھیلا گیا۔مجموعی طور پر 23 ٹیموں نے اس میں شرکت کی۔ کیماڑی ٹرمنل بی ٹیم دوسرے سال بھی ٹورنامنٹ کی فاتح رہی۔ فابیون ایچ جوزف مین آف دی میچ جب کہ خواجہ عامر کو پلیئر آف دی ٹورنامنٹ قرار دیا گیا۔ٹورنامنٹ کے آخری دن یو بی ایل اسپورٹس کمپلیکس کراچی میں فیملی فن فیئر گالا اور عشائیے کا اہتمام کیا گیا تھا

















# پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی کے 39ویں سالانہ اجلاس عام کا انعقاد














پاکستان میں آئل مارکیٹ لیڈر پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی کا 39واں سالانہ اجلاس عام بدھ 14 اکتوبر کو مقامی ہوٹل میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت کمپنی کے مینجنگ ڈائریکٹر اور سی ای او شیخ عمران الحق نے کی اس موقع پر کمپنی کے چیف فنانشل آفیسر یعقوب ستار، جنرل منیجر فنانس عزیز ہمانی، کمپنی سیکریٹری عائشہ افضال اور پی ایس او کی انتظامی ٹیم کے دیگر اراکین نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے شیخ عمران الحق نے مالی سال 2014-15 کے دوران کمپنی کی کارکردگی کا خلاصہ پیش کیا۔انہوں نے عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں 46 فیصد کمی سے پی ایس او کو درپیش چیلنجز کا احاطہ کرتے ہوئے جولائی 2014 کی 109 ڈالر فی بیرل قیمت سے جون 2015 تک 59 ڈالر فی بیرل قیمت (46 فیصد کمی) کے نتیجے میں پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی کے منافع پر پڑنے والے شدید منفی اثرات کا جائزہ پیش کیا۔انہوں نے مالی سال 2014-15 کے دوران پاکستان کے معاشی اشاریوں پر روشنی ڈالتے ہوئے شیئر ہولڈرز کو ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی کھپت، پی ایس او کے پراڈکٹ کے لحاظ سے مارکیٹ شیئر اور آئل مارکیٹ میں مسابقت کی صورتحال سے آگاہ کیا۔

شیخ عمران الحق نے کہا کہ پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی ملک کا اہم ادارہ ہے جس کا عوام کے بڑے طبقے کی روزمرہ زندگیوں سے بھی گہرا تعلق ہے۔اپنے بہترین اسٹوریج، سپلائی انفرااسٹرکچر اور وسیع ریٹیل نیٹ ورک کو استعمال کرتے ہوئے پی ایس او ملک کی معیشت کا پہیہ رواں دواں رکھنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔شیئر ہولڈرز کو کمپنی کے لائحہ عمل سے آگاہ کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ پی ایس او اپنے تمام امور کو شفاف تر بناتے ہوئے، بنیادی مصنوعات میں مارکیٹ لیڈر کی حیثیت برقرار رکھنے کے لیے کوشاں ہے۔کمپنی اپنی خدمات کو متنوع بناتے ہوئے متبادل ایندھن مثلاً ایل این جی پر بھی توجہ دے گی جبکہ پاکستان ریفائنری لمیٹڈ میں پی ایس او کے اسٹیک میں اضافہ کے ذریعے ریفائننگ بزنس میں پوزیشن مضبوط کی جائیگی۔

اجلاس عام کے دوران شیئر ہولڈرز نے سال 2014-15 کے لیے کمپنی کے مالیاتی نتائج اور 4 روپے فی حصص حتمی نقد منافع (40 فیصد کے مساوی) اور 6 روپے فی حصص عبوری نقد منافع منقسمہ (60 فیصد کے مساوی) کی منظوری دی۔اس طرح مالی سال 2014-15 کے دوران شیئر ہولڈرز کو 10 روپے فی حصص منافع حاصل ہوا۔اس سے قبل مالی سال 2013-14 کے لیے 8 روپے فی حصص نقد منافع دیا گیا تھا۔

اجلاس میں شریک شیئر ہولڈرز نے کمپنی کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے بڑھتے ہوئے سرکلر ڈیٹ اور بورڈ آف منجمنٹ کی عدم تشکیل پر تحفظات کا اظہار کیا۔اجلاس کے آخر میں شیخ عمران الحق نے اجلاس میں شرکت اور قیمتی آرا دینے پر شیئر ہولڈرز کا شکریہ ادا کیا۔اجلاس کے دوران شیئر ہولڈرز کی جانب سے اٹھائے گئے نکات اور مشوروں کو پیش نظر رکھتے ہوئے پی ایس او کی انتظامیہ نے شیئر ہولڈرز سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز اور ملک کے مفاد کے لیے بہترین کارپوریٹ اقدار پر گامزن رہنے کی یقین دہانی کرائی۔


# پاکستان تجھے سلام




















جمعہ 14 اگست 2015 کو پی ایس او نے انہتر واں یوم آزادی عظیم الشان طریقے سے منایا۔ اس وقت کے مینیجنگ ڈائریکٹر پی ایس او یعقوب ستار نے پرچم کشائی کی جس کے بعد قومی ترانہ پڑھا گیا۔ ملازمین کا مورال اور وطن سے محبت بڑھانے کے لیے تحریکی اقوال اور قومی سربراہان کی تصاویر بشمول قائداعظم محمد علی جناع اور علامہ اقبال کی تصاویر مختلف برانڈنگ مواد کے ساتھ نمائش کے لیے پیش کی گئیں۔

یوم آزادی پر ایم ڈی پی ایس او نے اپنی پُر جوش تقریر میں پی ایس او فیملی کو ترغیب دیتے ہوئے کہا کہ ہمیں ایسی کمپنی کا حصہ ہونے پر فخر ہے جو ہمارے پیارے وطن کی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے پی ایس او فیملی کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ ملک کی ترقی اور خوش حالی کے لیے اپنا کردار اسی طرح جاری رکھیں جس کا تصور قائداعظم نے کیا تھا۔ تقریب کا اختتام پاکستان اور پی ایس او کی ترقی کے لیے خصوصی دعاؤں کے ساتھ ہوا۔ اس پُر وقار تقریب میں ملازمین کے درمیان تحائف اور کارڈز، اور پرچم کشائی کی تقریب میں جھنڈے اور بیجز بھی تقسیم کیے گئے۔

